REGISTERED WITH THE REGISTRAR OF NEWSPAPERS FOR INDIA AT. NO. R.N. 61/57

بسم اللہ الرحمن الرحیم نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم وعلیٰ عبدہ المسیح الموعود

POSTEL REGISTRATION NO. P.G.D.P.-6

جلد ۳۸ — شمارہ ۲۸

وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّاَنْتُمْ اَذِلَّةٌ

ہفت روزہ بدر قادیان

ایڈیٹر:- عبدالحق فضل

نائب:- قریشی محمد فضل اللہ

شرح چندہ
سالانہ ۶۰ روپے
ششماہی ۳۰ روپے
ممالک غیر { ۲۵۰ روپے بذریعہ بحری ڈاک
فی پرچہ ایک روپیہ پچیس پیسے

ہفت روزہ بدر قادیان - 143516

THE WEEKLY "BADR" QADIAN-143516.

۹ ذی الحجہ ۱۴۰۹ ہجری — ۱۳ وفا ۱۳۶۸ ہش — ۱۳ جولائی ۱۹۸۹ء

اخبارِ احمدیہ

قادیان ۹ وفا (جولائی) سیدنا حضرت اقدس امیر المؤمنین خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے بارہ میں ملنے والی اطلاع مظہر ہے کہ حضور انور بخیر و عافیت ہیں۔
احباب کرام التزام کے ساتھ جان و دل سے پیارے آقا کی صحت و سلامتی درازیٔ عمر اور مقاصد عالیہ میں معجزانہ فائز المرامی کے لئے دعائیں جاری رکھیں۔

سیّدنا حضرت اقدس مسیح موعود و مہدی معہود علیہ السلام

فرماتے ہیں:- "چونکہ مردوں کو عورتوں پر ایک گونہ حکومت قسّام ازل نے دے رکھی ہے۔ اور ذرہ ذرہ سی باتوں میں تادیب کی نیت سے یا غیرت کے تقاضے سے وہ اپنی حکومت کو استعمال کرنا چاہتے ہیں۔ مگر چونکہ خدا تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے عورت کے ساتھ معاشرت کے بارے میں نہایت حلم اور برداشت کی تاکید کی ہے اس لئے میں نے ضروری سمجھا کر سعادت مندوں کو اس تاکید سے کسی قدر اطلاع کردوں، اللہ جل شانہٗ فرماتا ہے عَاشِرُوْهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ یعنی اپنی بیویوں سے تم ایسی معاشرت کرو جس میں کوئی امر خلاف اخلاق معروفہ کے نہ ہو۔ اور کوئی وحشیانہ حالت نہ ہو بلکہ ان کو اس مسافر خانہ میں اپنا ایک دلی رفیق سمجھو۔ اور احسان کے ساتھ معاشرت کرو۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔ خَيْرُكُمْ خَيْرُكُمْ لِاَهْلِهٖ یعنی تم میں سے بہتر وہ انسان ہے جو بیوی سے نیکی سے پیش آئے اور حسن معاشرت کے لئے تاکید شدید ہے انسان کی بیوی ایک مسکین اور ضعیف ہے جس کو خدا نے اس کے حوالے کر دیا اور وہ دیکھتا ہے کہ ہر ایک انسان اس سے کیا معاملہ کرتا ہے نرمی برتنی چاہیئے کہ میری بیوی ایک مہمان عزیز ہے جس کو خدا تعالیٰ نے میرے سپرد کیا ہے۔ اور وہ دیکھ رہا ہے کہ میں کیونکر شرائط مہمانداری بجا لاتا ہوں اور میں بھی ایک خدا کا بندہ ہوں اور یہ بھی خدا کی ایک بندی ہے" مجھے اس پر کونسی زیادتی ہے۔ خونخوار انسان نہیں بننا چاہیئے۔ بیویوں پر رحم کرنا چاہیئے اور ان کو دین سکھلانا چاہیئے۔ درحقیقت میرا یہی عقیدہ ہے کہ انسان کے اخلاق کے امتحان کا پہلا موقعہ اس کی بیوی ہے۔"

(الحکم ۱۷ اپریل ۱۹۰۵ء)

"اخویم مولوی عبدالکریم صاحب نے اپنی بیوی سے کسی قدر زبانی سختی کا برتاؤ کیا تھا اس پر ان کے لئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے الہام نازل ہوا۔"

"یہ طریق اچھا نہیں اس سے روک دیا جائے مسلمانوں کے لیڈر عبدالکریم کو" خُذُوا الرِّفْقَ الرِّفْقَ فَاِنَّ الرِّفْقَ رَاْسُ الْخَيْرَاتِ نرمی کرو نرمی کرو کہ تمام نیکیوں کا سر نرمی ہے۔ حتی المقدور پہلا فرض مومن کا ہر ایک کے ساتھ نرمی اور حسن اخلاق ہے اور بعض اوقات تلخ الفاظ کا استعمال بطور تلخ دوا کے جائز ہے۔

(تحفہ گولڑویہ صـ ۲۵)

منیر احمد حافظ آبادی ایم اے پرنٹر و پبلشر نے فضل عمر پرنٹنگ پریس قادیان میں چھپوا کر دفتر اخبار بدر قادیان سے شائع کیا۔ پروپرائیٹر: نگران بورڈ بدر قادیان

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ
ہفت روزہ بدر قادیان
۱۳ وفا ۱۳۶۸ ہش

جو شخص اپنی اہلیہ اور اس کے اقارب سے نرمی اور احسان کے ساتھ معاشرت نہیں کرتا وہ میری جماعت میں سے نہیں ہے ——— کشتی نوح

کیا مسلمان عورت طلاق کا مطالبہ کر سکتی ہے؟

عنوانِ بالا پر انڈین ایکسپریس بمبئے میں ایک مضمون شائع ہوا ہے جس کا اردو ترجمہ "بدر" کی اشاعت ہذا کے صفحہ پر طبع ہو رہا ہے۔ اس میں بتایا گیا ہے کہ سعودی عربیہ کے علماء کرام اور نامور سکالرز اور شاہی حکام کا رجحان یہی ہے کہ عورت کو اس حق سے اسلامی تعلیمات میں محروم رکھا گیا ہے

اس میں کوئی شبہ نہیں کہ اسلامی تعلیمات میں عورت سے مرد کو ایک درجہ اونچا رکھا گیا ہے لیکن اسکی وجہ سے مردوں پر اور زیادہ ذمہ داریاں ڈالی گئی ہیں پھر جہاں حقوق اور عدل و انصاف کا سوال پیدا ہوتا ہے وہاں مرد کو عورت پر کسی قسم کی بھی برتری حاصل نہیں ہے۔ طلاق اور خلع کا مسئلہ بھی عدل و انصاف کا مسئلہ ہے۔ لہذا مرد اور عورت کو ایک ہی سطح پر رکھا گیا ہے۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے

وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ أَنْ تَأْخُذُوا مِمَّا آتَيْتُمُوهُنَّ شَيْئًا إِلَّا أَنْ يَخَافَا أَلَّا يُقِيمَا حُدُودَ اللَّهِ ۖ فَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا يُقِيمَا حُدُودَ اللَّهِ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيمَا افْتَدَتْ بِهِ ۗ (سورۃ البقرہ آیت ۲۳۰)

یعنی تمہیں اگر اندیشہ ہو کہ میاں بیوی کے کشیدہ تعلقات اب اس مرحلہ پر پہنچ گئے ہیں کہ ان میں نباہ نہیں ہو سکے گا۔ اور وہ دونوں حدود اللہ کو قائم نہیں رکھ سکیں گے اور عورت علیحدگی پر مصر اور فدیہ یعنی بدل خلع دینے پر آمادہ ہو تو بیوی کے بدل خلع دینے اور میاں کے لینے میں کوئی گناہ نہیں اس طرح علیحدہ ہونے کی اجازت دے دو۔

اس آیت کریمہ میں بطور اختصار خلع لینے کے جواز میں تمام بنیادی باتیں آگئی ہیں اس ارشاد کی وضاحت ایک حدیث نبویؐ سے بھی ہوتی ہے:۔

"جمیلہ بنت سلول، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں، اور عرض کیا کہ مجھے اپنے خاوند ثابت بن قیس کی دینداری اور خوش خلقی پر کوئی اعتراض نہیں۔ لیکن میری طبیعت اس سے نہیں ملتی، اور اس وجہ سے مجھے اس سے سخت نفرت ہے۔ پس ایسے حالات میں میں اس کے حقوق ادا نہیں کر سکوں گی، اور ناشکری کی مرتکب ہوں گی۔ اس لئے مجھے علیحدگی دلوائی جائے۔ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کیا مہر میں لیا ہوا باغ واپس کرنے کو تیار ہو اس نے عرض کیا کہ ہاں یا رسول اللہ بلکہ اس سے زیادہ بھی، فرمایا مہر میں لیا ہوا باغیچہ واپس کر دو اس سے زیادہ نہیں۔" (بخاری کتاب الطلاق باب الخلع)

قرآن کریم کی آیت اور حدیث نبویؐ سے خلع کے سلسلہ میں حسب ذیل پہلو واضح ہوتے ہیں۔

۱۔ جس طرح طلاق کے ذریعہ میاں کو علیحدگی کا اختیار حاصل ہے اسی طرح خلع کے ذریعہ بیوی کو علیحدگی طلب کرنے کا اختیار حاصل ہے۔

۲۔ خلع کی صورت میں بیوی کو علیحدگی کے لئے ضروری ہے کہ وہ قاضی کے سامنے اپنا معاملہ پیش کرے اور اس کی مدد سے علیحدگی اختیار کرے۔

۳۔ خلع کی صورت میں بیوی کو وہ مالی مفادات واپس کرنے ہوں گے۔ جو وہ اپنے میاں سے حاصل کر چکی ہے اس کی واضح مثال مہر کی واپسی ہے۔

۴۔ میاں خواہ راضی ہو یا راضی نہ ہو بیوی کے اصرار کی صورت میں قاضی ان دونوں کے درمیان علیحدگی کا حکم صادر کر سکتا ہے ایسی علیحدگی کو خلع کہتے ہیں۔

علامہ ابن رشد کا یہی مسلک تھا۔ آپ فرماتے ہیں:۔

"خلع عورت کے اختیار میں ہے بمقابلہ مرد کے اختیار طلاق کے جس میں وہ مختار ہے جب عورت کو مرد کی طرف سے کوئی تکلیف ہو اور اس وجہ سے وہ ناپسند کرتی ہو تو وہ اپنے حق اختیار خلع کو استعمال کر کے علیحدگی حاصل کر سکتی ہے۔ اس کے بالمقابل جب مرد کو عورت کی طرف سے کوئی تکلیف ہو اور وہ اسے نہ چاہتا ہو تو شارع نے اسے طلاق دینے کا حق دیا ہے۔" (ہدایت المجتہد کتاب النکاح الباب الثالث فی الخلع ص۵۹)

قاضی کے ذریعہ خلع ہونے میں اور حکمتوں کے علاوہ یہ بھی حکمت ہے کہ قاضی اگر دیکھے گا کہ عورت ظلم کی مرتکب ہو رہی ہے اور اس کا رویہ جارحانہ ہے اور خاوند کا کوئی قصور نہیں تو وہ خلع کے فیصلہ کے ساتھ یہ شرط بھی عائد کر سکتا ہے کہ خاوند نے عورت یا اس کے والدین کے مطالبہ پر جو کچھ بھی خرچ کیا ہے وہ خاوند کو واپس کیا جائے اور جب تک وہ واپس نہ ہو اس وقت تک خلع کا فیصلہ ملتوی رہے۔

اگر صورت حالات اس کے برعکس ہو کہ عورت کی بجائے خاوند کا رویہ ظالمانہ ہو تو اس صورت میں قاضی کو یہ بھی اختیار ہوگا کہ وہ عورت کے مطالبۂ خلع کو منظور کرے اور اس کے ساتھ خاوند سے اسے اس کا حق مہر بھی دلوائے۔ چنانچہ حضرت امام مالکؒ اس صورت حال کو واضح کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

(ترجمہ از عربی)۔ خلع لینے والی عورت کے متعلق اگر معلوم ہو کہ اس کے خاوند نے اسے دکھ دیا ہے اور اسے خلع لینے پر مجبور کیا ہے اور یہ بات ثابت ہو جائے کہ خاوند اس پر ظلم کرتا رہا ہے تو قاضی کا فیصلہ خلع نافذ ہوگا۔ اور اس کا مال جو وہ خاوند کو ادا کر چکی ہے وہ بھی اسے واپس دلایا جائیگا امام مالکؒ کہتے ہیں کہ میں اپنے اساتذہ سے یہی سنتے آیا ہوں اور اسی کے مطابق علماء مدینہ کا عمل درآمد ہے۔"

(موطا امام مالک کتاب الطلاق ما جاء فی الخلع)

بہر حال خلع کے ذریعہ علیحدگی بہر صورت ہو جائیگی۔ ان حقائق کی روشنی میں جماعت احمدیہ کا بھی یہی مسلک ہے کہ:۔

دفعہ نمبر ۳۶:۔ "اگر علیحدگی کا مطالبہ عورت کی طرف سے ہو اور وہ نکاح سے آزاد ہونے پر مصر ہو اور خاوند طلاق دینے سے انکار کرے تو عورت اپنے حق مہر یا دیگر مالی منفعت کے عوض قاضی کے ذریعہ خلع حاصل کر سکتی ہے۔"
(فقہ احمدیہ حنفیہ ص۸۹)

دفعہ نمبر ۳۷:۔ "خلع کے فیصلہ کیلئے قاضی کا صرف اس قدر اطمینان کافی ہے کہ عورت خود اپنی آزادانہ رائے سے خلع چاہتی ہے۔ خلع کے مطالبہ کیلئے کسی اور وجہ کا اظہار یا ثبوت لازمی نہ ہوگا۔" (فقہ احمدیہ حنفیہ ص۹۲)

دفعہ نمبر ۳۸:۔ "اگر خاوند کے ظلم و تعدی کی وجہ سے عورت خلع لینے پر مجبور ہوگئی ہو تو قاضی خلع کی صورت میں اسے اس کا حق مہر بھی دلوا سکتا ہے" (فقہ احمدیہ حنفیہ ص۹۳)

بہر حال دورِ حاضر میں مسلمان علماء میں عدل و انصاف کی بجائے عورتوں کے حقوق غصب کرنے کا جو رجحان پڑھ رہا ہے۔ جس کا ثبوت "بدر" کے اسی شمارہ میں پیش کیا گیا ہے۔ یہ نہایت خطرناک اور مسلمانوں کو تباہ کرنے کا رجحان ہے۔ ہر سعید طبع مسلمان کو اس کا مقابلہ کرنا چاہیئے ہمارے ہمسایہ ملک پاکستان میں درندہ صفت علماء نے ضیاء الحق کو آلہ کار بنا کر عورتوں کے حقوق غصب کرنے کی جو مہم چلائی تھی اس کا نتیجہ ہمارے سامنے ہے۔ وہاں اللہ تعالیٰ نے ایک معزز خاتون محترمہ بے نظیر بھٹو کو سربراہ بنا کر عورتوں کے حقوق کی حفاظت کی رو چلا دی ہے۔ حالانکہ یہ درندہ صفت علماء اپنے عقیدہ کی رُو سے عورت کی حکمرانی کو ہلاکت کا موجب یقین کرتے ہیں۔ مگر اب سرِ تسلیم خم کر لینے پر مجبور ہیں۔

گلۂ جفائے وفا نما جو حرم کو اہلِ حرم سے ہے
کسی بتکدے میں بیاں کروں تو کہے صنم بھی ہری ہری

(عبد الحق فضلی)

درخواست دعا:۔ محترم سیٹھ محمد معین الدین صاحب امیر جماعت احمدیہ حیدرآباد کے متعلق علالت کی اطلاع موصول ہوئی ہے موصوف کی صحت کاملہ کے لئے درخواست دعا ہے۔
(ایڈیٹر)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی روح پرور

مجلسِ عرفان

بتاریخ ۸ مارچ ۱۹۸۷ء بمقام محمود ہال لندن

سوال :۔ مغربی ممالک میں یہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ اسلام نے غلامی کے رجحان سے ہمدردی کا برتاؤ کر کے اس کی حوصلہ افزائی کی ہے۔ وضاحت فرمائیں۔

جواب :۔ حضور انور نے فرمایا۔ قرآن کریم نے واضح طور پر آنحضرت ﷺ کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ صرف جنگی قیدیوں کو غلام بنانے کی اجازت دی گئی ہے وہ بھی اُس وقت جبکہ دشمن سے خونریز جنگ ہو اور شدت سے خون بہایا گیا ہو۔ نیز جنگ میں پہل دشمن نے کی ہو کیونکہ جارحانہ جنگ کی اسلام اجازت ہی نہیں دیتا صرف دفاعی جنگ لڑی جا سکتی ہے۔ ایسی صورت حال میں جنگی قیدی لوگوں میں تقسیم کر دیئے جاتے تھے کیونکہ اس زمانے کی طرح اُس وقت جنگی قیدیوں کے کیمپ یا قید خانوں کا کوئی تصور نہ پایا جاتا تھا۔ لہٰذا انفرادی طور پر اُن کو بانٹ دیا جاتا تھا اور وہ اپنا حق چھوڑ دیتے تھے۔ کیونکہ جو قتل کرنے نکلتے ہیں ان کے لئے شکست کے بعد دو ہی راستے ہیں۔ یا تو وہ اپنے حقوق سے دستبردار ہو جائیں یا جنگ کے دوران قتل ہو جائیں۔ تیسری کوئی صورت نہیں بنتی۔ اس لئے اسلام کے ساتھ جنگوں میں دشمن بھی مسلمانوں سے یہی سلوک کر رہا تھا اور باقی تمام دنیا بھی اپنے قیدیوں کے ساتھ یہی کچھ کر رہی تھی۔ اس لئے یہ ممکن نہیں تھا اسلام کے لئے، کہ دشمن تو مسلمانوں کو قیدی بنائے اور ذلت آمیز سلوک کرے اور وہ دشمن کو آزاد چھوڑ دے۔ ویسے بھی آزاد چھوڑنا معاشرے کے لئے خطرناک تھا کیونکہ ان کی نگرانی ممکن نہ تھی اور نہ ہی ان کے پاس ان کی معاش کا کوئی ذریعہ تھا۔ لہٰذا ان کی کفالت کون کرتا؟ تاریخ گواہ ہے کہ ایسی صورت حال میں ایسے لوگ تباہی مچاتے ہیں اور معاشرے کے لئے وبال جان بن جاتے ہیں۔ مسلمان اگر انہیں واپس ان کے ملکوں میں بھیج دیتے تو گویا اپنے ہاتھ سے اپنا گلا کاٹتے اور وہ دوبارہ مسلمانوں سے لڑائی کے لئے آ جاتے۔ اگر اسلام ایسی تعلیم دیتا تو صورت حال یقیناً مضحکہ خیز بن جاتی۔ اسلام چونکہ ہر زمانہ کے لئے ہے اور اس زمانے کے لئے بھی تھا اس لئے اسلام نے حیرت انگیز طریق اختیار کیا اور غلامی کی اس مجبوری سے نپٹنے کے لئے جو رہنمائی فرمائی اسے دیکھ کر عقل دنگ رہ جاتی ہے۔ فرمایا کہ ان شرائط کے علاوہ ایک اور شرط بھی قرآن کریم نے لگا دی ہے کہ جتنی زیادتی دشمن تم پر کرتا ہے۔ اس سے بڑھ کر تمہیں اجازت نہیں۔ اگر دشمن غلام نہ بناتا ہو تو تمہیں بھی غلام بنانے کی اجازت نہیں۔ موجودہ دور کی جنگوں میں بھی مخالف کو شکست دینے کے بعد غلام بنا لیا جاتا ہے۔ جب ہمارے زمانے کے انصاف کا یہی تصور ہے تو اُس زمانہ میں یہ حق کیوں نہ دیا جاتا؟ فرمایا کہ قرآن کریم نے غلام بنانے کا صرف ایک ہی طریق بیان فرمایا ہے یعنی ایک ہی دروازہ کھلا رکھا ہے اور باقی تمام دروازے غلامی کو ختم کرنے کے لئے ہیں۔ آپ سارا قرآن کریم پڑھ لیں۔ وہاں صرف آپ کو غلام آزاد کرنے کے طریق نظر آئیں گے۔ مثلاً اگر کوئی گناہ سرزد ہو جائے تو غلام آزاد کر دو۔ غلطی سے جھوٹی قسم کھا لو تو غلام آزاد کر دو۔ اگر فلاں کوتاہی ہو جائے تو غلام آزاد کر دو۔ یہ سب دروازے کھولنے کے بعد فرمایا کہ اگر غلام خود آزاد ہونا چاہے اور اس بات کا مطالبہ کرے تو اُس زمانے کے لحاظ سے جو قیمت مقرر ہوتی ہو اُس سے قسط وار وصول کر کے اُسے آزاد کر دو۔ اگر تم نہیں کر دو گے تو STATE کو یہ حق ہو گا کہ اُسے آزاد کروا دے۔ مکاتبت کی جو اصطلاح قرآن کریم میں بیان ہوئی ہے اس کی تشریح جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عملاً جاری فرمائی ہے۔ اور آپؐ کے خلفاء نے بھی بعد میں اسی پر عمل کیا ہے وہ یہی ہے۔ گو قرآن کریم میں اس کا ایک ہلکا سا اشارہ ہے لیکن سنت اور حدیث نے اس مضمون کو اس طرح کھولا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی اُس سے یہ مراد ہے کہ اگر کوئی غلام آزاد ہونا چاہے اور مالک اُس کو آزاد نہ کرنا چاہتا ہو تو غلام کو یہ حق حاصل ہے کہ مالک کے خلاف اسلامی عدالت میں مقدمہ کرے۔ اگر مالک کے پاس کوئی معقول وجوہات ہیں یعنی غلام بد دیانت اور دھوکے باز ہو یا اُس کے بھاگ جانے کا خطرہ ہو تو ایسی صورت میں اُس کو آزاد کرنا ممکن نہ ہو گا۔ لیکن اگر وہ کوئی منفی چیز ثابت نہ کر سکے تو فیصلہ غلام کے حق میں ہو گا یہ معاملہ یہیں ختم نہیں ہو جاتا۔ اسلام نے غلام کے ساتھ برابری حسن سلوک نیز احسان کا معاملہ کرنے پر بے حد زور دیا ہے آنحضرت ﷺ نے قرآن کریم کو سمجھ کر غلاموں کے متعلق احکامات نافذ فرمائے مثلاً۔ جو خود کھاؤ، غلام کو کھلاؤ۔ جو خود پہنو وہی اُس کو پہناؤ۔ جس کام کے کرنے میں تم خود ذلت محسوس کرتے ہو وہ غلام سے بھی نہ کرواؤ اُس پر اتنا بوجھ نہ ڈالو جو اس کی طاقت سے بڑھ کر ہو۔ نہ اُسے مارو نہ اُس کے ساتھ بدسلوکی کرو بلکہ یہاں تک کہا کہ کبھی کبھی غلام کو بٹھا کر اسے خود کھانا کھلاؤ۔ فرمایا اب ساری دنیا کی غلامی کی تعلیمیں اٹھا کر دیکھ لیں۔ اس کے پاسنگ بھی کوئی اور تعلیم نہیں ملے گی۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرامؓ نے اس تعلیم پر عمل کر کے بھی دکھایا اور ایسا شاندار سلوک فرمایا کہ غلام اپنی غلامی کی حالت کو اپنی آزادی پر ترجیح دینے لگے۔ حضرت زیدؓ کے والد بالآخر انہیں ڈھونڈتے ہوئے ان تک پہنچ گئے۔ اپنے بچے کو پا کر وہ بہت خوش ہوئے اور اُسے ساتھ لے جانے کی اجازت آنحضرت ﷺ سے طلب کی آپؐ نے فرمایا کہ ہاں لے جاؤ لیکن اُس سے پوچھ لو اُس پر حضرت زیدؓ نے جواب دیا (یا رسول اللہ) آنحضرت مجھے بہت پیارا ہے۔ میں اُسے چھوڑ کر نہیں جا سکتا۔ غلاموں کے ساتھ اتنا حسن خلق اور احسان فرمایا کہ ماں باپ سے بچھڑا ہوا بچہ ان کے ساتھ جانے سے انکار کر دیتا ہے

فرمایا کہ اس تعلیم پر اعتراض کرتے ہوئے آج یورپ یہ دعویٰ کرتا ہے کہ اُس نے غلامی ختم کر دی ہے گویا اسلام نے جاری رکھی ہے۔ یہ اس قدر غلط اور دھوکہ دینے والی بات ہے کہ جس کی مثال تاریخ میں نہیں ملتی انہوں نے تو افراد چھوڑ، قوموں کو غلام بنایا ہوا ہے۔ جنہیں آزاد کیا انہیں بھی آزاد نہ رہنے دیا۔ کونسی جگہ ایسی ہے جو ان قوموں کے تسلط سے خالی ہے کیا پاکستان غلام نہیں اگر ان کا نہ ہوتا تو روس کا ہوتا۔ دنیا کی ساری قوموں پر مغربی یا روسی تسلط ہے۔ ساری قومیں ان کی غلام بنی ہوئی ہیں یہ لوگ اپنوں پر بھی رحم نہیں کرتے ساؤتھ افریقہ کو انہوں نے اس طرح اپنی غلامی کی زنجیروں میں جکڑا ہوا ہے کہ اگر وہ سَو سال بھی انہیں کما کر دیتے رہیں تو بھی ان کا سودا پورا نہیں ہو گا۔ ذرائع بدل گئے ہیں۔ زنجیریں نظر نہیں آتی لیکن یہ لوگ جو غلامی کے خلاف اعلان کرنے والے ہیں شدید قسم کی ظالمانہ غلامی قوموں پر مسلط کئے ہوئے ہیں اس کے نتیجے میں جب وہ بھوکے مرنے لگتے ہیں تو پھر ان کو نجات دینے والے بھی خود ہی بن کر آ جاتے ہیں کہ ہم تمہاری کفالت کرتے ہیں۔ بھوک بھی خود ہی پیدا کرتے ہیں اور زخم بھی خود ہی لگاتے ہیں۔ اسی کا نام دجل ہے۔

فرمایا کہ اسی وجہ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان قوموں کا نام دجّال رکھا ہے۔

(بشکریہ ہفت روزہ النصر لندن ۲۱ اکتوبر ۱۹۸۷ء)

مرتبہ :۔ ثریا غازی صاحبہ لندن۔

منقولات

انڈین ایکسپریس (بمبئی) مورخہ ۱۳ ر فروری ۱۹۸۹ء

کیا مسلمان عورت طلاق کا مطالبہ کر سکتی ہے؟

بحرین ۱۲ ر فروری: مطالبہ طلاق کا آغاز کرنے کا حق کسے ہونا چاہیئے۔ شوہر کو یا بیوی کو؟ مسلمانوں میں یہ مردوں کا معمول ہے لیکن کیا ایک عورت اپنی مرضی سے طلاق کی محرک بن کر اپنے شوہر کو جو حق طلاق حاصل ہے اس شق کی رو سے طلاق کا مطالبہ کر سکتی ہے؟ یہ سوال سعودی عرب کے روزنامہ عکاظ نے متعدد علماء سے کیا۔ وہ سب قرآن کی آیت کہ مردوں کو عورتوں پر نگران مقرر کیا گیا ہے۔ پر متفق تھے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اگر مرد ناقابل ہو تو عورت شادی کے معاہدہ کی منسوخی کا مطالبہ کر سکتی ہے۔

شیخ عبدالعزیز الشیخ معاون پروفیسر شرعی کالج۔ امام و خطیب شاہی مسجد ریاض کہتے ہیں کہ خدا نے مرد کو طلاق کا حق عطا کیا ہے۔ صرف قاضی اور شرعی طور پر مقررہ منصف ہی کشیدہ تعلقات والے میاں بیوی کے معاملہ میں ملوث ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے ایسے علماء کے بارہ میں تبصرہ کا مطالبہ کیا جو کہتے ہیں کہ اگر عورت مرد کے عزائم پر پوری طرح اعتماد نہ رکھتی ہو تو وہ اُسے حق طلاق دیئے جانے کے حق میں ہیں؟ الشیخ نے کہا۔ قرآن و سنت سے اس کی تائید ثابت نہیں ان کے خیال میں عورت کو استثنائی طور پر بشرطیکہ شوہر راضی ہو حق طلاق دیا جا سکتا ہے۔

ڈاکٹر عبداللہ الطارقی قائمقام ڈین آف فیکلٹی شریعہ امام محمد بن سعید اسلامک یونیورسٹی کہتے ہیں کہ مرد کو حق طلاق حاصل ہے۔ البتہ عورت اس صورت میں کہ اس کا شوہر طویل عرصہ سے غائب ہو یا بد سلوکی کا مرتکب ہوتا ہو تو طلاق لے سکتی ہے۔

ڈاکٹر عبدالرحمٰن اے ٹی آر معاون پروفیسر اسلامک سٹڈیز شاہ فہد یونیورسٹی آف پیٹرولیم و معدنیات کہتے ہیں کہ شوہر چونکہ فیملی کے اخراجات مہیا کرتے کی قرآن نے ذمہ داری ڈالی ہے اس لئے مرد کو حق طلاق دیا گیا ہے۔ ان کے خیال میں چونکہ طلاق کے نتائج میں اقتصادی و خانگی پیچیدگیاں پیدا ہوتی ہیں۔ علاوہ ازیں عورتیں بہت نازک خیال اور جذباتی ہوتی ہیں اس لئے انہیں حق طلاق نہیں دیا گیا کیونکہ اس سے فیملی کا اتحاد تفرق پذیر ہو جاتا ہے۔

ضروری اعلان

جملہ احباب جماعت کی آگاہی کے لئے اعلان کیا جاتا ہے کہ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں ہندوستان کے تمام علاقوں سے دعائیہ و کارروائی کے لئے خطوط لندن ارسال کئے جاتے ہیں۔ وہ خطوط خوشخط و مکمل صاف پتہ جات و پن کوڈ نمبر کے ساتھ ارسال کئے جائیں اکثر چٹھیوں کے جوابات لندن سے نظارت علیاء میں موصول ہوتے ہیں کئی چٹھیوں پر مکمل پتہ نہ ہونے کی صورت میں ان چٹھیوں کا بھجوایا جانا دفتر ہذا کے لئے ممکن نہیں ہوتا جس سے احباب جماعت کو شکوہ ہوتا ہے کہ ہمارے خط کا جواب موصول نہیں ہوا۔ اردو اور انگریزی کے علاوہ حضور انور ایدہ اللہ کو بھجوائے جانے والے خطوط کا اردو یا انگریزی کا ترجمہ ساتھ لگایا جائے یا پھر بذریعہ نظارت علیا بھجوائے جائیں۔ مثلاً ہندی۔ بنگالی۔ ملیالم۔ تلگو۔ اڑیہ۔ تامل۔ وغیرہ تاکہ ان چٹھیوں کے تراجم بھی ساتھ بھجوائے جا سکیں۔

ناظر اعلیٰ و امیر جماعت احمدیہ قادیان

ـــ ٭ ـــ

ایک ناگہانی صدمہ پر درخواست دعا

از مکرم صاحبزادہ مرزا وسیم احمد صاحب ناظر اعلیٰ قادیان

محترم خان عبدالرحیم صاحب افغان مہاجر درویش حضرت سید عبداللطیف صاحب شہید کابل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے شاگردوں میں سے تھے۔ بعد میں قادیان ہجرت کر آئے۔ بہت نیک۔ دعاگو بزرگ تھے۔ ان کے دوسرے صاحبزادہ محترم الحاج مولوی خلیل الرحمٰن صاحب فاضل پٹاور میں آباد تھے سلسلہ کی خدمت میں بھی مصروف رہتے تھے۔ چند سال پہلے ان کی وفات ہوئی۔ محترم مولوی صاحب کے بڑے فرزند جناب ڈاکٹر حمید الرحمٰن صاحب ایم۔ ڈی۔ ایف۔ آر۔ سی۔ ایس کیلیفورنیا (یو۔ ایس۔ اے) جناب ڈاکٹر عبدالسلام صاحب نوبل انعام یافتہ کے داماد نہایت مخلص خادم سلسلہ ہیں۔ محترم ڈاکٹر حمید الرحمٰن صاحب کے چھوٹے بھائی محترم حبیب الرحمٰن صاحب الیکٹریکل انجینئر بعمر سینتیس سال پشاور میں ۱۰ ر جون کو اچانک حرکت قلب بند ہونے سے وفات پا گئے ہیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔ احباب سے دعا کی درخواست ہے کہ مرحوم کو اللہ تعالیٰ مغفرت فرمائے اور ان کے درجات بلند فرمائے اور پسماندگان جوان بیوہ اور کم سن دو بچیوں اور دیگر سب اقارب کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔

اعلان بابت انتخابات جماعت ہائے احمدیہ بھارت

جملہ جماعت ہائے احمدیہ بھارت کے صدر صاحبان کی اطلاع کے لئے تحریر ہے کہ جن جماعتوں میں انتخابات عہدیداران برائے ٹرم ۸۹ء تا ۹۲ء تا حال کرائے نہیں گئے۔ براہ مہربانی جلد از جلد کروا کر بغرض منظوری دفتر ہذا کو ارسال فرمائیں۔ جزاکم اللہ۔

ناظر اعلیٰ قادیان

ضروری اعلان

برائے طباعت کتب

از طرف نظارت نشر و اشاعت قادیان

احباب جماعت کو اس سے قبل بھی بذریعہ سرکلر نمبر ۱۶ نظارت علیا کی طرف سے آگاہ کیا جا چکا ہے کہ طباعت کتب کے سلسلہ میں سیدنا حضرت اقدس امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ نے معین ارشاد اور ہدایت فرمائی ہے کہ جب بھی کسی فرد جماعت نے کوئی کتاب، کتابچہ یا فولڈر طبع کرانا ہو تو اس مسودہ یا کتاب کو طبع کرانے سے قبل نظارت ہذا کے توسط سے مرکز سے اجازت لینی ضروری ہوگی۔ بغیر اجازت کسی کو کسی بھی قسم کی طباعت کی اجازت نہ ہوگی۔

اس تعلق میں اب دوبارہ بطور یاد دہانی کے یہ اعلان کرایا جا رہا ہے کہ احباب جماعت سختی سے اس ہدایت کی پابندی کریں۔

ناظر نشر و اشاعت قادیان

بدر کی توسیع اشاعت آپکا اور جماعت کا فرض ہے (منیجر)

تہذیب و شائستگی کے شہر لکھنؤ میں

صوبہ یوپی و راجستھان کی دو روزہ صد سالہ جشن تشکر کانفرنس

٭- ذرائع ابلاغ میں جماعت احمدیہ عالمگیر کی عدیم النظیر تشہیر ٭- نامور دانشور حضرات کی تقاریر ٭ جماعت احمدیہ کی خدماتِ جلیلہ کا اعتراف

رپورٹ مرتبہ: مکرم سید قیام الدین صاحب برق مبلغ امروہہ

الحمد للہ خدا تعالیٰ نے محض اپنے فضل اور احسان سے دو روزہ صد سالہ جشن تشکر کانفرنس یوپی و راجستھان نہایت احسن طریقے سے دبستانِ ادب کے شہر لکھنؤ میں انعقاد پذیر ہوئی۔ جس میں لاکھوں عوام تک ٹیلی ویژن اخبار، ریڈیو، اشتہارات، ہینڈ بل، بینرز اور اسٹینسل کے ذریعہ جوبلی جشن کی تقریبات کے پروگرام کی تشہیر کی گئی۔

گزشتہ جلسہ سالانہ ۱۹۸۸ء کے موقعہ پر صد سالہ جشن تشکر استقبالیہ کمیٹی کی تشکیل دی گئی تھی جس کے صدر جناب سیٹھ داؤد احمد صاحب بھٹی صوبائی صدر یوپی اور جنرل سیکرٹری مکرم ڈاکٹر اشفاق احمد صاحب مقرر ہوئے۔

کانفرنس کی تشہیر کے لئے پندرہ روز قبل سے ہی کانپور و لکھنؤ کے خدام نے دن رات اسٹینسل وغیرہ لگانا شروع کر دیا تھا اس کے بعد نہایت دیدہ زیب پوسٹر ہندی و اردو میں پورے شہر کے بازاروں میں اور گلیوں میں چسپاں کئے گئے شہر کے خاص خاص چوراہوں پر بینرز لگائے گئے رات سے ہی خدام ہاکرز سنٹر پہنچ گئے اور اس طرح ہر ہاکر کے ذمہ اخباروں میں ہینڈ بلز رکھ دئے گئے اس طرح نہایت مؤثر طریقے سے شہر و اطراف میں خوب تشہیر ہوئی۔ شہر میں وسیع پیمانہ پر گشت کر کے (بذریعہ گاڑی) اناؤنس منٹ بھی کرایا گیا نیز ممتاز معززین شہر اور خاص طور پر دانشور طبقہ کو پُر خلوص دعوت نامے کارڈ کی صورت میں تقسیم کئے گئے۔

اس کانفرنس کی نہایت ایمان افروز بات یہ ہے کہ جلسہ کے اہتمام اور مہمانانِ کرام کی قیام گاہ کے لئے مختلف مکتبِ فکر کی سوشل تنظیموں نے اصرار کے ساتھ قیام کرنے کی اپنی جگہوں کی پیشکش کی۔

چنانچہ چھیدی لعل کے دھرم شالہ کے جنرل سیکرٹری جناب پی این ٹنڈن نے خصوصی اجازت جماعت احمدیہ کے نمائندوں کے قیام کے لئے دی اور دھرم شالہ کے ۱۷ کمرے ریزرو کر دئے حالانکہ ٹرسٹ کے قواعد میں مسلمانوں کا قیام ممنوع ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ دھرم شالہ کے منتظمین کو اجرِ جزیل دے۔

مہمانانِ کرام کی آمد

مورخہ ۲۲/۶/۸۹ کو مرکز سلسلہ کے تعاون سے محترم مولانا محمد انعام صاحب غوری فاضل صدر مجلس انصار اللہ مرکزیہ بھارت تشریف لائے مورخہ ۲۳/۶/۸۹ کو الحاج جناب مولانا بشیر احمد صاحب دہلوی فاضل۔ اسی طرح محترم سید فضل احمد صاحب ایم اے آف پٹنہ مجلس استقبالیہ کی درخواست پر مورخہ ۲۳؍جون کو بذریعہ طیارہ تشریف لائے۔ دیگر نمائندگان کانفرنس کی آمد بھی ۲۲/۶/۸۹ سے شروع ہو چکی تھی۔ یوپی بہار راجستھان کے تقریباً پونے دو صد نمائندگان مرد و زن نے شرکت کی۔ جبکہ دیگر غیر از جماعت بھی بکثرت ہمارے دو روزہ پروگرام میں شریک ہوئے جن میں نامور علمی درسگاہ ندوۃ العلماء کے طلباء خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔

نمائش کا اہتمام

مقامی گنگا پرشاد میموریل ہال میں جماعتِ احمدیہ سے متعلق ایک دیدہ زیب نمائش کا اہتمام محترم مشتاق احمد صاحب سابق قائد مجلس کی زیرِ نگرانی کیا گیا جس میں عالمگیر جماعت احمدیہ کے بانی، خلفاء کرام، اکابرین احمدیت کی خوبصورت تصاویر قرینہ کے ساتھ سجائی گئی تھیں۔ اسی طرح جلی حروف میں سلسلہ عالیہ احمدیہ کا مختصر تعارف، عقائد، بعثت کی غرض اس کی انسانی اور ملی خدمات کو نمایاں طور پر اجاگر کیا گیا تھا نیز اس کے ساتھ ہی سلسلہ حقہ کے لٹریچر کا بھی ایک سٹال لگایا گیا جس میں مختلف زبانوں کی کتب بغرضِ نمائش عوام کی تمام تر توجہ کا مرکز یہ نمائش بک سٹال بنی ہوئی تھی۔ نمائش کو دیکھنے کے لئے مختلف مکاتب فکر کے عوام کھنچے چلے آ رہے تھے اور نہایت ہی انہماک اور دلچسپی کے ساتھ نمائش کو دیکھتے رہتے اور معلومات حاصل کرتے رہے اور ان میں سے بعض فہیم ذی علم حضرات نے اپنے قیمتی تاثرات جماعت احمدیہ کے بارہ میں قلمبند کر کے سلسلہ عالیہ حقہ کو خراج تحسین پیش کیا جماعت کی طرف سے متعدد زبانوں میں قرآن مجید کے تراجم کی مساعی کو لوگوں نے بہت ہی زیادہ پسند کرتے ہوئے برملا طور پر اس عظیم اسلامی خدمات کا اعتراف کیا۔

گورنر اتر پردیش سے ملاقات

مورخہ ۲۰/۶/۸۹ کو ایک وفد صوبائی صدر و صدر استقبالیہ کمیٹی محترم داؤد احمد صاحب بھٹی کی زیرِ قیادت عزت مآب گورنر یوپی جناب عثمان عارف صاحب سے ملا موصوف کی خدمت میں سلسلہ حقہ کا لٹریچر تحفۃً پیش کرتے ہوئے شرکت کانفرنس کی دعوت بھی دی۔

مورخہ ۲۳/۶/۸۹ کو مولانا محمد انعام صاحب غوری فاضل نے نمازِ جمعہ پڑھائی۔ خطبہ جمعہ میں آپ نے فرمایا کہ سو سال میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے اتنی سرعت کے ساتھ ہماری تشہیر کبھی نہ ہوئی جتنی کہ صد سالہ تقریبات کے موقعہ پر ہو رہی ہے آپ نے خطبہ میں صد سالہ تقریبات کے متعلق ایمان افروز واقعات سنائے۔

جلسہ پیشوایانِ مذاہب کا آغاز

مورخہ ۲۴/۶/۸۹ کو رات آٹھ بجے جلسہ پیشوایانِ مذاہب کا آغاز ہوا اس جلسہ کی صدارت مکرم مولانا محمد انعام صاحب غوری فاضل صدر مجلس انصار اللہ مرکزیہ بھارت نے کی جلسہ کا آغاز خاکسار سید قیام الدین برق مبلغ سلسلہ کی تلاوت قرآن کریم سے ہوا بعدہٗ خاکسار نے ان آیات مبارکہ کا ترجمہ بھی پڑھ کر سنایا جنرل سیکرٹری مکرم ڈاکٹر اشفاق احمد صاحب نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی ایک نظم خوش الحانی کے ساتھ پیش کی اس اجلاس کی پہلی تقریر صوبائی صدر و صدر مجلس استقبالیہ مکرم سیٹھ داؤد احمد صاحب بھٹی نے کی آپ نے اپنی تقریر میں جلسہ کی غرض و غایت بیان کی بعدہٗ جین مذہب کے عالم جناب ڈاکٹر ششی کانت جی نے مہاویر صاحب کی سوانح حیات پر تقریر کی اس کے بعد الحاج محترم مولانا بشیر احمد صاحب دہلوی فاضل نے شاہ لولاک حضور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ مقدسہ کے عنوان پر عالمانہ خطاب کیا۔ فاضل مقرر نے اپنی تقریر میں سرورِ عالم کی زندگی کے حسین ترین پہلوؤں کو نہایت ہی احسن طریق سے اجاگر کیا مولانا صاحب موصوف نے اپنی تقریر کو آیات قرآنی فرامین رسول اور کلام کے شکوک سے آراستہ کیا جس کا سامعین پر بہت گہرا اثر پڑا۔ اس کے بعد مکرم ظہیری عالم صاحب نے ایک نظم پیش کی اس کے بعد جناب سردار گیانی امرجیت سنگھ صاحب نے حضرت گورونانک جی کی سوانح حیات پر تقریر کرتے ہوئے جماعت

احمدیہ کے پیشوایان مذاہب کے تعلق سے کی جانے والی مساعی کی خوب تعریف کی آپ نے اپنی تقریر میں رواداری سے متعلق اسلام کے حسین ترین اصولوں کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ اس کے بعد جناب بھیاجی سوشل ورکر نے تقریر کی آپ نے اپنی تقریر کے آغاز میں ہی سب سے پہلے جماعت احمدیہ کو یہ تقریب سعید منعقد کرنے کی مبارکبادی پیش کی اور جماعت احمدیہ کے اصول مذہبی رواداری اتفاق و اتحاد اور محبت و اخوت کی تعریف کی اور کہا کہ دنیا کے چپہ چپہ پر ایسی امن بخش تقاریب منعقد ہونی چاہئیں۔

اس کے بعد عیسائی نمائندہ جناب فادر لیوڈیسوڈا نے یسوع مسیح کی سوانح حیات پر تقریر کی آپ نے دورانِ لیکچر جماعت احمدیہ کی ستائش کی جو دنیا میں صرف اور صرف امن و سکون قائم کرنے کے لئے کوشاں ہے۔ آپ نے اس تقریب میں شرکت کو اپنے لئے باعث فخر سمجھا۔ بعدہٗ جناب جسٹس مرتضیٰ حسین صاحب سابق لوک آیوکت یوپی نے ایک برجستہ تقریر کی سب سے پہلے آپ نے نہایت عقیدت مندی کے ساتھ جماعت احمدیہ کو مبارکبادی کا تحفہ پیش کیا اسی طرح آپ نے اپنی پرجوش تقریر میں جماعت احمدیہ کی اسلامی خدمات کو اس فرمان کا مصداق قرار دیا کہ "درخت اپنے پھل سے پہچانا جاتا ہے"۔

بعدہٗ ایک انگریزی تقریر جناب سید فضل احمد صاحب ایم اے آف پٹنہ کی ہوئی آپ نے اپنی پرمغز جوشیلی تقریر میں اسلام اور احمدیت کی حسین ترین تعلیمات کو پیش کر کے اقوامِ عالم کو اس پر غور و فکر کرنے کی دعوت دی۔ آپ نے اپنے لیکچر میں خاص طور پر اسلام اور آزادیٔ ضمیر کے مضمون کو خوب اچھی طرح سلجھے ہوئے انداز سے بیان کیا۔

اس اجلاس کی آخری تقریر محترم مولانا محمد انعام صاحب غوری فاضل صدرِ اجلاس کی تھی آپ نے اپنی تقریر کا آغاز آیت قرآنی وَاِنْ مِّنْ اُمَّةٍ اِلَّا خَلَا فِيْهَا نَذِيْرٌ سے کیا آپ نے بتایا کہ مذہب کی بنیادی غرض و غایت یہ ہے کہ انسان کا اپنے خالق حقیقی کے ساتھ صحیح تعلق ہو جائے آپ نے بتایا کہ اس غرض کے لئے اللہ تعالیٰ نے رسولوں اوتاروں کا سلسلہ چلایا ہے۔ فاضل مقرر نے اپنے مسحور کن پرجوش خطاب میں فرمایا کہ ہم کو غور کرنا چاہیئے کہ کیا ہمارا صحیح تعلق خدا سے ہے اس بنیادی نکتہ کا خیال رکھنے کی اشد ضرورت ہے۔ اس کوچہ سے آشنائی کے لئے آپ نے امام الزمان احمد موعود علیہ السلام کی دلکش حسین تعلیم کو پیش فرماتے ہوئے سامعین سے دردمندانہ طور پر اپیل کی کہ اس پر غور کریں اور دعا کریں۔

اس کے بعد صوبائی صدر جناب داؤد احمد صاحب بھٹی نے تمام حاضرین کا شکریہ ادا کیا۔ سوا گیارہ بجے رات اجلاس بخیر و خوبی ختم ہوا۔

یہ امر قابل ذکر ہے کہ اس جلسہ میں شرکت کے لئے مہمان خصوصی کی حیثیت سے ہندوستان کی مایہ ناز ہستی نامور مصنف و ناول نگار ڈاکٹر امرت لعل ناگر نے منظوری دی تھی لیکن عین وقت پر ان کی طبیعت ناساز ہو گئی جس کی وجہ سے وہ شرکت تو نہ فرما سکے البتہ اپنا پرخلوص پیغام تہنیت ارسال فرما کر اپنی نیک خواہشات کا اظہار فرمایا۔

پریس سے ملنے کا خصوصی پروگرام

ہندوستان میں پہلی بار اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے یوپی پریس کلب اور یوپی جرنلسٹ ایسوسی ایشن کے صدر جناب حسیب احمد صدیقی اور محترم آشا طلعت جنرل سیکریٹری نے احمدی اکابرین کو ایک خصوصی نشست دن کے ساڑھے بارہ بجے پریس سے ملئے MEET THE PRESS کو مدعو کیا۔ جس میں ہندوستانی و اترپردیش کے نامور رسائل و جرائد اور نیوز ایجنسی کے ۲۲ نمائندگان نے شرکت کی اخباری نمائندوں کے قریباً ایک گھنٹہ تک سوالات کے تشفی بخش مدلل جوابات جناب سید فضل احمد صاحب ایم اے آف پٹنہ نے دیئے سلسلہ سوالات کے بعد پریس کلب کے منتظمین نے نہایت پرتکلف دعوت کا اہتمام کیا آخر پر صدر یوپی پریس کلب نے احمدی نمائندگان کی خدمت میں تشریف آوری کا شکریہ ادا کیا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے دوسرے دن فوٹوز کے ساتھ لگ بھگ سولہ اخبارات اردو، ہندی، انگریزی میں نمایاں طور پر جلی حروف میں کانفرنس کی تفصیلات، عالمگیر جماعت احمدیہ کا تعارف کے ساتھ خبریں شائع ہوئیں۔ فالحمد للہ علیٰ ذالک

جلسہ سیرت النبی ﷺ کا آغاز

اس جلسہ کے مہمان خصوصی خانوادہ فرنگی محل کے ایک ممتاز رکن جناب ڈاکٹر ولی الحق صاحب انصاری صدر شعبہ فارسی لکھنؤ یونیورسٹی تھے پروگرام کا آغاز مورخہ ۲۵ رجون کو رات کے ٹھیک ۸½ بجے ہوا۔ صدارت جناب سید فضل احمد صاحب ایم اے آف پٹنہ بہار نے کی تلاوت کلام مجید دار المبلغین لکھنؤ کے عالم مولانا جبریل صاحب نے نہایت خوش الحانی سے کی اس کے بعد مکرم ظہیر عالم صاحب لکھنؤ نے ایک نظم پیش کی جس کا پہلا مصرعہ یہ تھا ع
وہ پیشوا ہمارا جس سے ہے نور سارا

اس بابرکت اجلاس کی پہلی تقریر الحاج جناب مولانا بشیر احمد صاحب دہلوی فاضل کی سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عنوان پر ہوئی آپ نے اپنی تقریر میں نبوت کی تعریف بیان کر کے حضور نبی پاک کی ختم نبوت کے عظیم المرتبت گوشے کو احسن طریق پر اجاگر کرتے ہوئے بتایا کہ آنحضور کی حیاتِ طیبہ مکمل زندگی کا اصل نمونہ ہے آپ نے اپنے فاضلانہ خطاب میں تسلسل کو قائم رکھتے ہوئے سرکارِ مدینہ کے دعوت الی اللہ، شجاعت، عبادت، حلم، بردباری، خاکساری، رواداری، ایفائے عہد میں پاسداری کے مضمون کو بہت ہی دلکش انداز میں پیش فرمایا۔ اس کے بعد لکھنؤ شہر کے ایک ممتاز معزز فرد (غیر احمدی) جناب ڈاکٹر نواب حضور صاحب نے ایک نعتِ رسول وجد آفریں انداز میں پیش فرما کر حاضرین کو محظوظ کیا۔ اس کے بعد علی الترتیب خاکسار سید قیام الدین برق و مکرم مولوی محمد ایوب صاحب ساجد مبلغین سلسلہ نے خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی سوانح حیات پر تقاریر کیں بعدہٗ اس اجلاس کے مہمان خصوصی جناب ڈاکٹر ولی الحق صاحب انصاری صدر شعبہ فارسی لکھنؤ یونیورسٹی کی "سیرت پاک" کے موضوع پر تقریر کی آپ نے بتایا کہ کلمہ گو مسلمانوں کے تمام فرقے وحدانیت اور رسول کا ذکر کرنے پر اتفاق کرتے ہیں بہت ضروری ہے کہ ہم سارے مسلمان خواہ دیوبندی ہو یا بریلوی ندوی ہو یا احمدی ایک دوسرے کے قریب آئیں ایک دوسرے کو سمجھنے کی کوشش کریں آپ نے بتایا کہ میں نے جماعت احمدیہ کا لٹریچر پڑھا ہے۔ ختم نبوت کے تعلق سے احمدیوں کا جو عقیدہ ہے اس میں کوئی خاص اختلاف کی بات نہیں ہے۔ آپ نے علماء اسلام کی کفر بازی کی مذمت کی اکناف عالم میں جماعت احمدیہ جو ملی خدمات سرانجام دے رہی ہے اس کی آپ نے بے حد عقیدت کے ساتھ ستائش کی بعدہٗ مکرم مولانا محمد انعام صاحب غوری فاضل نے خاتم النبیین کی شان کے عنوان پر ایک عالمانہ برجستہ تقریر کی آپ نے اپنے خطاب میں خاتم النبیین کے معانی کو دلکش پیرائے میں بیان کیا اس کے حسین ترین گوشوں کو بیان کیا جس سے کہ آج دنیا غافل ہے سرور دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا عظیم ترین وجود جو آیت خاتم النبیین سے ثابت ہے وہ یہی ہے کہ آپ کا وجود نبی تراش ہے آپ سراج منیر ہیں۔

اس اجلاس کی آخری تقریر صدر اجلاس جناب سید فضل احمد صاحب ایم اے آف پٹنہ کی
لولاک لما خلقت الافلاک
کے عنوان پر ہوئی آپ نے ثابت کیا کہ اسلام کے علاوہ دیگر مذاہب کی کتابوں میں حضور نبی پاک کا نام ثابت ہے اور یہ امر آقائے مدنی کی بلند ترین شان اور عظمت کو ظاہر کرتا ہے۔ اس کے بعد صوبائی صدر و صدر مجلس استقبالیہ کمیٹی محترم داؤد احمد صاحب بھٹی نے تمام احباب کا دلی شکریہ ادا کیا۔ اجتماعی دعا پر اجلاس برخاست ہوا۔ اجلاس کی حاضری اچھی رہی شرکت فرمانے والی بعض ممتاز اور معروف ہستیوں کے نام یہ ہیں۔ مولانا اسحاق سنبھلی ایم پی۔ پروفیسر جمیل احمد صدیقی پروفیسر ہاشم علی ڈاکٹر ہرش نارائن پنڈت یوگ شاستری۔

متفرق امور

مورخہ ۲۵/۴/۸۹ کو بہار سبھی ہوئی کی لجنہ اماء اللہ وناصرات الاحمدیہ کا دن کے ۱۱ بجے علیحدہ ایک اجلاس ہوا جس کی نگرانی صدر لجنہ یوپی کر رہی تھیں اس موقعہ پر ایک احمدی بچی کی تقریب آمین عمل میں آئی یہ بچی جناب شمس عالم صاحب ایڈووکیٹ قائد مجلس خدام الاحمدیہ بھاگلپور کی دختر نیک اختر ہے۔ ساڑھے پانچ سال کی عمر میں قرآن مجید ختم کر کے احمدی دنیا میں ایک نیا ریکارڈ قائم کی ہے

ذرائع ابلاغ کا نمایاں تعاون

خدا تعالیٰ کا جسقدر بھی شکر کیا جائے کم ہے صرف اور صرف حضرت اقدس امیر المؤمنین ایدہ اللہ تعالیٰ کی دعاؤں کے طفیل ٹیلی ویژن، ریڈیو اور اخبارات نے خبروں کی تشہیر میں بھر پور تعاون دیا حالانکہ حالات نامساعد تھے کیونکہ کانگریس مخالف پارٹیوں نے ٹیلی ویژن اور ریڈیو اسٹیشن پر دھرنا اور دھمکی دی تھی اس کے باوجود مقامی دور درشن نے جلسہ کی تقریبات کو اپنے پروگرام میں شامل کرنے کے لئے اپنا اسٹاف ہمارے پاس بھیجا چنانچہ ۲۵ تاریخ کی شام کو ۷ بجے (T.V. SERIAL) تصاویر کے ساتھ کانفرنس کی تقریب کو نمایاں طور پر پیش کیا گیا۔ اس کے علاوہ ساچار درشن میں بھی ٹیلی کاسٹ کا پروگرام مرتب کیا گیا۔ ریڈیو نے کانفرنس سے ایک روز قبل ہی کانفرنس کی خبر نشر کی اور کانفرنس کی مفصل رپورٹ بھی نشر کی کثیر الاشاعت اخبارات نے بھی نمایاں طور پر فوٹوز کے ساتھ کانفرنس اور پریس کانفرنس کی تفصیل سے خبریں شائع کیں۔

ان اخبارات کے اسماء یہ ہیں

نوبھارت ٹائمز۔ نیشنل ہرالڈ نو بھارت ٹائمز سونتر بھارت۔ دینک جاگرن۔ آج۔ قومی آواز۔ عزائم پائنیر۔ نودرن انڈیا پتریکا امرت پربھات۔ ہندوستان سہیل پرتی دن۔ اسپرٹ آف ٹک۔ آگ۔ وغیرہ نے ہمارے ساتھ بہت تعاون کیا۔

بہر حال اللہ تعالیٰ کے فضل سے اجلاس نہایت کامیاب رہا۔ لجنہ اور خدام نے بے لوث قربانی کے مظاہرے کئے خاص طور پر جناب اشتیاق احمد صاحب قائد مجلس نے بھر پور تعاون کیا اللہ تعالیٰ سب کو جزائے خیر عطا فرمائے آمین

ہیں دفتر ہذا مختلف جماعتوں اور افراد سے حاصل شدہ معلومات کی بنیاد پر خود بھی ورثاء سے رابطہ قائم کر رہا ہے اور ورثاء بھی اپنے بزرگان کا چندہ جاری کروانے کے لئے دفتر سے رابطہ کرتے رہتے ہیں۔

آپ سے درخواست ہے کہ اگر آپ ان خوش نصیب افراد میں شامل ہیں جن کے بزرگان کو دفتر اول میں شمولیت کی سعادت نصیب ہوئی تھی تو برائے مہربانی جلد اپنی جماعت میں ان کی طرف سے تحریک جدید کا چندہ جاری فرما کر دفتر ہذا کو مطلع فرمائیں تا سال کے اختتام سے پہلے ہم اپنے امام کو سوفیصد کھاتہ جات جاری ہونے کی خوشکن اطلاع پہنچا کر حضور کی دعائیں اور خوشنودی حاصل کر سکیں۔

خدا تعالیٰ آپ کے ساتھ ہو

وکیل المال تحریک جدید قادیان

اعلانات

لجنہ اماء اللہ موسابنی مائنز نے ایک کتابچہ۔

"دنیا میں ایک نذیر۔ اور۔ خوفناک عالمی صورت حال"۔

مرکز سے منظوری لے کر شائع کرایا ہے جو لجنات وناصرات بھارت یہ کتابچہ حاصل کرنے کی خواہش مند ہوں وہ مندرجہ ذیل ایڈریس پر لجنہ سے contact کر کے حاصل کریں۔

MRS. SHOUKAT BEGAM Sadar Lajna
NO.2- AHMADIYYA-COLONY
PO- MUSABANI MINES (BIHAR)
PIN- 832104

صدر لجنہ اماء اللہ مرکزیہ قادیان

۱۹۸۹ء
چوتھا سالانہ اجتماع لجنہ اماء اللہ مرکزیہ قادیان

الحمد للہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے سالانہ اجتماع لجنہ اماء اللہ مرکزیہ قادیان کے لئے ازراہ شفقت ۱۳، ۱۴، ۱۵ اکتوبر ۱۹۸۹ء کی تاریخیں منظور فرمائی ہیں۔ نئی صدی کا یہ پہلا سالانہ اجتماع ہوگا۔ لجنات ابھی سے کوشش کریں کہ اپنی نمائندہ اسی طرح اجتماع میں شامل ہونے کے لئے ممبرات لجنہ وناصرات کو بھجوائیں۔ اس جوبلی سال کے اجتماع میں زیادہ سے زیادہ نمائندگان لجنات وممبرات شامل ہونی چاہئیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس اجتماع کو شایان شان طریق پر منانے کی توفیق دے۔ پروگرام لائحہ عمل میں چھپ چکا ہے۔ لجنات بجٹ کے مطابق اجتماع کا چندہ جلد از جلد بھجوانے کی کوشش کریں۔

صدر لجنہ اماء اللہ مرکزیہ قادیان

کیا آپ اپنے فوت شدہ بزرگوں کا
تحریک جدید کا کھاتہ دوبارہ جاری کروا چکے ہیں

جیسا کہ آپ کو علم ہے کہ ہمارے پیارے امام حضرت امیر المؤمنین خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ نے مسند خلافت پر متمکن ہونے کے بعد تحریک جدید کے سال کا اعلان فرماتے ہوئے اس خواہش کا اظہار فرمایا کہ تحریک جدید کے دفتر اول کے وفات شدہ مجاہدین کے تمام کھاتے ان کے ورثاء دوبارہ جاری کرائیں تا قیامت تک ان مجاہدین کے نام تاریخ میں روشن رہیں اور ان کی قربانیوں کی یاد ہمیشہ تازہ رہے امسال تحریک جدید کا اعلان فرماتے ہوئے حضور ایدہ اللہ نے پھر ایک بار اپنی اس خواہش کا اظہار فرمایا:۔

"جب ان کی (یعنی مجاہدین تحریک جدید۔ دفتر اول۔ ناقل) اولادوں پر میں نے نگاہ ڈالی تو پتہ چلا کہ ان میں سے اکثر بلکہ میرے واقفوں میں سے سارے ہی، غیر معمولی طور پر دنیوی لحاظ سے خوشحال تھے اور ہو نہیں سکتا کہ اگر ان کو پتہ چلے کہ کن بزرگوں کے ناموں اور کن کی نیکیوں کو انہوں نے زندہ کرنا ہے تو وہ سعادت سمجھتے ہوئے ان میں شامل نہ ہوں۔ اب وکیل اعلیٰ صاحب نے ایک سال کے اندر اندر ان بظاہر گمشدہ بزرگوں کو دوبارہ دریافت کرنے کا وعدہ کیا۔ جس سے میں امید رکھتا ہوں کہ بہت بھاری تعداد کا چندہ دائمی ہو جائے گا۔ اور پھر جو باقی رہ جائیں گے ان کے چندوں کو زندہ رکھنے کا عہد میں حسب توفیق نبھاتا رہوں گا"۔

(خطبہ جمعہ ۴ نومبر ۱۹۸۸ء)

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ان مجاہدین کے کھاتہ جات جاری کروانے کے لئے ایک سال کی مہلت عنایت فرمائی تھی، اس میں سے اب ۷ ماہ گزر چکے

بقیہ نتیجہ امتحان

محترم نثار احمد صاحب میر ریشی نگر		۴۰
" ظہور احمد صاحب گنائی	"	۴۳
" طاہر احمد بٹ	"	۴۴
" نثار احمد ون	"	۴۷
" گلزار احمد صاحب گنائی	"	۵۳
" حمید اللہ گنائی صاحب	"	۵۵
" عبد الرشید صاحب پڈر	"	۴۲
" عبد السلام صاحب ٹاک سرینگر		۵۱
" محمد سلطان صاحب	"	۴۳

ولادت

محترمہ نجم النساء بی بی صاحبہ کو سمبی مونگھیر اڑیسہ سے تحریر فرماتی ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ایک بیٹا اور بیٹی توام عطا فرمائے ہیں مبلغ -/۵۰ روپے امانت بدر میں ادا کرتے ہوئے درخواست دعا ہے کہ میرا بھتیجہ جو ابھی تک احمدیت کے نور سے منور نہیں ہوا اللہ تعالیٰ اسے اور اس کے خاندان کو احمدیت قبول کرنے کی توفیق عطا فرمائے آمین۔

(ادارہ)

مختلف جماعتوں میں جلسہ ہائے یوم خلافت کا بابرکت انعقاد

● مکرم محمد فیروز الدین صاحب انور سیکرٹری تعلیم و تربیت کلکتہ رپورٹ بھجواتے ہیں کہ ۲۸ ہجرت مئی مسجد احمدیہ کلکتہ میں جلسہ یوم خلافت زیر صدارت مکرم ماسٹر مشرق علی صاحب ایم اے امیر جماعت احمدیہ کلکتہ منعقد ہوا مکرم عبد اللطیف صاحب خادم مسجد نے تلاوت قرآن کریم کی خاکسار محمد فیروز الدین انور نے عہد دہرایا مکرم محمد وسیم صاحب نے خوش الحانی سے نظم پڑھی مکرم محمد حلیم صاحب۔ مکرم عبد العزیز صاحب۔ مکرم ایاز احمد صاحب سیٹھی مکرم امید رشید صاحب (انگریزی تقریر) مکرم سید بشیر عالم صاحب مکرم انور صاحب نے تقاریر کیں آخر میں محترم مولانا سلطان احمد صاحب ظفر انچارج احمدیہ مسلم مشن کلکتہ نے نہایت معلوماتی تقریر پیش کی۔ صدارتی تقریر اور دعا پر اجلاس برخاست ہوا۔ دوران اجلاس عزیز سید ظفر عالم صاحب اور مکرم سید نعیم احمد صاحب نے نظمیں پیش کیں۔

● مکرم پی محمد یوسف صاحب معلم وقف جدید مراٹ پڑا سے تحریر فرماتے ہیں کہ جلسہ یوم خلافت زیر صدارت صدر جماعت ۲۸ ہجرت کو منعقد ہوا محترم شیخ محی الدین صاحب سیکرٹری مال نے تلاوت کی مکرم مجیب الرحمٰن۔ امیر الدین اور یٰسین غنی صاحب اور ابراہیم صاحب نے نظمیں پڑھیں مکرم محمد یوسف صاحب اور شیخ عبد اللہ شگل بابا صاحب اور شیخ محی الدین صاحب۔ سید مسعود احمد صاحب اور عبد المطلب صاحب نے تقاریر کیں

● مکرم محمد فاروق صاحب خادم سلسلہ احمدیہ کرچین سے تحریر فرماتے ہیں کہ ۲۸ ہجرت کو مکرم ناصر احمد صاحب صدر جماعت کی زیر صدارت اجلاس یوم خلافت منعقد ہوا تلاوت قرآن کریم مکرم عبد الکریم صاحب نے کی بعض تقاریر میں خلافت کی اہمیت و برکات پر تقاریر ہوئیں بعد دعا اجلاس برخاست ہوا۔

● مکرم سی ایچ عبد الرحمٰن صاحب معلم وقف جدید کرڈانی کیرلہ سے تحریر فرماتے ہیں کہ ۲۸/۵ کو جلسہ یوم خلافت مکرم ٹی کے سلیمان صاحب صدر جماعت کی زیر صدارت مکرم مبارک احمد صاحب کی تلاوت قرآن کریم سے آغاز ہوا۔ مکرم یو طفیر احمد صاحب مکرم ایم محی الدین صاحب کویا مکرم اے۔ وی عبد الواحد صاحب اور مکرم سی ایچ عبد الرحمٰن صاحب نے تقاریر کیں صدر مجلس کی اختتامی تقریر و دعا پر اجلاس برخاست ہوا۔

● مکرم محمد فہیم صاحب منتظم تبلیغ و تربیت اٹاوہ سے تحریر فرماتے ہیں کہ ۲۷/۵/۸۹ کو جلسہ یوم خلافت احمدیہ مسلم مشن ہاؤس میں مکرم ابرار حسین صاحب صدر جماعت کی زیر صدارت منعقد ہوا مکرم مفضل حسین صاحب سیکرٹری تبلیغ نے تلاوت کلام پاک کی مکرم عبد الحفیظ صاحب نے خوش الحانی سے نظم پڑھی مکرم محمد فہیم صاحب نے مفصل تقریر کی دوسری تقریر صدر محترم کی ہوئی خلافت کی برکات بتائی گئیں بعد دعا اجلاس برخاست ہوا۔

● مکرم سید فضل نعیم صاحب احمدی مونگھیر سے تحریر فرماتے ہیں کہ مکرم سید مذکر الدین صاحب بی اے کی زیر صدارت مسجد احمدیہ جامع مسجد میں جلسہ یوم خلافت منعقد ہوا۔ تلاوت قرآن کریم محترم سید انوار الدین احمد صاحب ایم اے بی ایڈ نظم محترم سید ہمام الدین صاحب نے پڑھی۔ سید فضل نعیم صاحب احمدی نے کلمات طیبات حضرت مسیح موعود علیہ السلام پڑھے۔ بعدہ مکرم سید انوار الدین صاحب مکرم سید علام الدین صاحب شاہ قادر ریٹائرڈ ڈپٹی کلکٹر مکرم سید نقیب الرحمٰن صاحب صدر جماعت احمدیہ مونگھیر نے پر مغز تقاریر کیں صدارتی تقریر اور دعا پر اجلاس برخاست ہوا۔

● مکرم مولوی محمد عمر صاحب انچارج احمدیہ مسلم مشن مدراس تحریر فرماتے ہیں کہ ۔۔ مورخہ ۱۸ جون مشن ہاؤس میں جلسہ یوم خلافت مکرم خلیل احمد صاحب صدر جماعت جلسہ یوم خلافت منعقد ہوا مکرم حافظ محمد خواجہ صاحب کی تلاوت قرآن کریم اور صدر اجلاس کی افتتاحی تقریر کے بعد مکرم محمد کریم اللہ صاحب نوجوان۔ مکرم نیر احمد صاحب۔ مکرم محمود احمد صاحب۔ مکرم منصور احمد صاحب اور خاکسار نے خلافت احمدیہ کے قیام اس کی اغراض و مقاصد اور برکات وغیرہ پر پُر از معلومات اور ایمان افروز تقاریر کیں بعد دعا بخیر و خوبی اجلاس برخاست ہوا۔

● مکرم شمس الحق خان صاحب معلم وقف جدید پھکال (اڑیسہ) سے تحریر فرماتے ہیں کہ یہاں ۲۷/۵/۸۹ کو مکرم جمعہ خان نائب صدر کی زیر صدارت جلسہ یوم خلافت منعقد ہوا مکرم آدم خان صاحب کی تلاوت قرآن کریم کے بعد مکرم عبد النعیم خان صاحب مکرم یوسف خان صاحب مکرم مجیب احمد خان صاحب مکرم شیخ آفتاب احمد صاحب نے نظمیں پڑھیں بعدہٗ مکرم منور احمد صاحب صدر جماعت احمدیہ گوسٹی بنی ماتنز اور خاکسار اور صدر اجلاس نے تقاریر کیں۔ بعد اجتماعی دعا خیر و خوبی سے اجلاس اختتام پذیر ہوا۔

